سوال

(698) مسجد میں بلند آواز سے ذکر کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسجد میں بلند آواز مین ذکر کر سکتے ہیں مہربانی کر کے قرآن و حدیث سے واضح فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز کے بعد پڑھے جانے والے مسنون اذکار کو بلند آواز سے پڑھا جا سکتا ہے، سیدنا ابن عباس فرماتے ہیں :

''کان رفع الصوت بالذکر حین یفرغ الناس من المکتوبة علی عهد النبی صلی اللہ علیہ وسلم'' (البخاري 841)

عہد نبوی میں جب لوگ نماز سے فارغ ہوتے تو ذکر کرتے ہوئے اپنی آواز کو بلند کر لیا کرتے تھے۔

بشر طیکہ کوئی نمازی ڈسٹرب نہ ہو۔ اگر کوئی شخص نماز ادا کر رہا ہو تو آہستہ پڑھنا افضل ہے۔ یہ ذکر انفرادی طور پر ہوگا، اجتماعی طور پر کرنا بدعت ہے۔

نماز کے علاوہ عمومی اذکار اگر سنت سے ثابت ہوں تو آپ چلتے پھرتے انہیں پڑھ سکتے ہیں، لیکن انہیں بھی اجتماعی طور پر پڑھنا، جس طرح دور حاضر کی محافل میں ہوتا ہے، تو یہ بدعت ہے، اس کی کوئی دلیل نہیں ملتی۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ